# 08-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ہماچل پردیش کے وزیر تعلیم روہت کمار نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے سابقہ بی آر ایس حکومت کو کئی مرتبہ متنبّہ کیا تھا کہ دریائے کرشنا کے پانی کے معاملہ میں تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے لیکن بی آر ایس حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔

۳۔ وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت میں خالی جائیدادوں کو جلد پُر کرنے کے علاوہ ملازمین کو ترقی بھی دی جائے گی۔

اور

۴۔ وزیر امکنہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں تمام مستحق غریبوں کو اپریل میں اندراماں اسکیم کے دوسرے مرحلہ کے تحت مکانات دئے جائیں گے۔

Thummala

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت میں خالی جائیدادوں کو جلد پُر کرنے کے علاوہ ملازمین کو ترقی بھی دی جائے گی۔ انہوں نے اگری ڈاکٹرس اسوسی ایشنس کی ڈائری کی رسم اجراأ انجام دی۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ویژن 2047ء کے مقاصد کو مدنظر رکھ کر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت نے ڈیڑھ سال میں ایک لاکھ کروڑ روپے تقسیم کیئے ہیں۔

## Ponguleti - Indiramma Scheme

وزیرامکنہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں تمام مستحق غریبوں کو اپریل میں اندراماں اسکیم کے دوسرے مرحلہ کے تحت مکانات دئے جائیں گے۔انہوں نے سوریہ پیٹ ضلع کے حضورنگر میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام مستحق غریبوں کو اندراماں مکانات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ آئندہ دوسال میں مزید دومراحل کے تحت مکانات دئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ استفادہ کنندگان کومرحلہ وارانداز میں ہر ہفتہ بل ادا کیئے جارہے ہیں۔

## Kishan Reddy - BJP

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت لینڈ بینک کے نام پر رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں تعلیم کا نظام تباہ کرنے والی کانگریس پارٹی یونیورسٹیوں کی زمینات کو اپنے قبضہ میں لینے کی کوشش کررہی ہے۔کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت تعلیمی نظام اور یونیورسٹیوں کو تاریکی میں ڈھکیل رہی ہے۔

## Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے قومی روزگار اسکیم کا نام تبدیل کرنے پر مرکزی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔آج گاندھی بھون میں پردیش کانگریس کمیٹی کا توسیعی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کی۔ اِس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ مرکزی حکومت کے اقدام کے خلاف احتجاج کیا جائیگا۔

Sound Byte

اس اجلاس میں ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا، مختلف وزرأ اور کانگریس کے سینئر قائدین نے شرکت کی۔

Nalgonda - Gutha Sukender Reddy

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے صدر نشین گتہ سکھیندر ریڈی نے کہا ہے کہ 1969ء کی تلنگانہ تحریک میں حصہ لینے والوں کو مکانات کیلئے اراضی فراہم کرنے انہیں اعزازی وظیفہ ادا کرنے اور مفت طبی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوششیں کی جائیں گی۔ 1969ء کی تحریک میں حصہ لینے والوں کی تنظیم کے نمائندوں نے آج سکھیندر ریڈی سے نلگنڈہ میں ان کے کیمپ آفس پر ملاقات کی۔

BJP - Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ آنے والے بلدی انتخابات میں بی جے پی کسی بھی پارٹی کے ساتھ اتحاد کئے بغیر تنہاء مقابلہ کرے گی۔ آج بھونگیر میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی ریاست میں کانگریس کی متبادل بن کر ابھری ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا بی جے پی بلدی انتخابات میں تنہاء مقابلہ کرتے ہوئے بلدی صدور نشین کی سب سے زیادہ نشستیں حاصل کرے گی۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ بی آر ایس اندرونی مسائل سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پریس کانفرنس تک محدود اِس پارٹی کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔

CS Review on Fund

چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے مختلف محکموں کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مرکز سے آنے والے فنڈس پر اپنی توجہ مرکوز کریں۔انہوں نے آج تمام محکموں کے سکریٹریز کے ساتھ سکریٹریٹ میں ایک اجلاس منعقد کیا۔ چیف سکریٹری نے عہدیداروں کو تلنگانہ رائزنگ 2047ء پر عمل آوری، مرکزی اسکیموں کے تحت ملنے والے فنڈس اور حکومت کے ترجیحی پروگراموں کی پیشرفت کیلئے ضروری ہدایات دی۔انہوں نے کہا کہ مختلف اسکیموں کے تحت مرکز سے چار ہزار کروڑ روپے آنے باقی ہیں۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ فوری مرکز کے متعلقہ محکموں سے ربط قائم کرتے ہوئے ان فنڈس کے حصول کو یقینی بنائیں۔

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے کہاہے کہ مرکزی حکومت نے سابقہ بی آر ایس حکومت کو کئی مرتبہ متنبّہ کیا تھا کہ دریائے کرشنا کے پانی کے معاملہ میں تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہےلیکن بی آر ایس حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔کریم نگر میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ ریاست میں دریائے کرشنا میں 811ٹی ایم سی پانی تھالیکن 200ٹی ایم سی پانی بھی استعمال نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی تقسیم کے وقت اس وقت کی ریاستی حکومت نے مرکز کو پراجکٹس کی جو فہرست پیش کی تھی اس میں پالمورو رنگاریڈی پراجکٹ شامل نہیں تھا۔انہوں نے پوچھا کہ اِس صورتحال میں اِس پراجکٹ کو قومی درجہ دینے کا مطالبہ کیسے کیا جا سکتا ہے۔

## Ponnam Fire on KTR

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ کانگریس کے لیڈر راہول گاندھی اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کے بارے میں بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے جو زبان استعمال کی ہے وہ قابل اعتراض ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے ٹی آر کی عدم برداشت کس حد تک پہنچ گئی ہے اس کا اندازہ ان کے بیان سے لگایا جاسکتا ہے۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ سیاست میں تنقیدیں عام بات ہیں لیکن کے ٹی آر نے جس زبان کا استعمال کیا ہے وہ قابل اعتراض ہے۔

## Road Safety

ریاستی وزیر برائے مویشی پالن واسپورٹس واکٹی سری ہری نے کہا ہے کہ ملک میں ہر سکنڈ ایک سڑک حادثہ رونما ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حفاظتی تدابیر اختیار کی جائیں تو بڑی حد تک حادثات کو روکا جاسکتا ہے۔ وہ نارائن پیٹ ضلع ہیڈ کوارٹر پر روڈ سیفٹی تقاریب کے تحت طلبہ سے خطاب کررہے تھے۔ Sound Byte.

## Meeting

ہماچل پردیش کے وزیر تعلیم روہت کمار نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف منسٹر نے ہماچل پردیش کے وزیر کو ریاست میں تعلیمی نظام کو مستحکم کرنے کے لئے لائی جارہی اصلاحات سے واقف کروایا۔ ہماچل پردیش کے وزیر تعلیم کو ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ اقامتی اسکولوں کے قیام سے بھی واقف کروایا گیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی کی طرح تلنگانہ میں بھی ریاستی تعلیمی پالیسی بنائی جائے گی۔ انہوں نے ہماچل پردیش کے وزیر کو بتایا کہ ریاست میں آئی ٹی آئیز کو اے ٹی سیز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ ہماچل پردیش کے وزیر نے انٹی گریٹیڈ اقامتی اسکولوں سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی درخواست کی۔

OO